سوال

(73) کیا مشہور انبیاء کرام کی اس وقت قبریں ہیں اور ان کو پہچانا جا سکتا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا مشہور انبیاء کرام کی اس وقت قبریں ہیں اور ان کو پہچانا جا سکتا ہے (یعنی قبروں کو) حدیثوں سے کوئی اس کا ثبوت ملتا ہے یا نہیں۔ اگر ہیں تو کہاں کہاں؟ چند ایک کا بیان مثلاً حضرت آدم کی قبر کہاں ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

علامہ بن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے فتاویٰ الکبریٰ میں لکھا ہے سوائے ہمارے نبی کریم ﷺ کی قبر مبارک کے جو مدینہ منورہ میں ہے راجح مذہب کے مطابق کسی نبی کی قبر کا تعین نہیں کیا جا سکتا۔ واللہ اعلم۔

(اہل حدیث سوہدرہ جلد نمبر ۸ شمارہ نمبر ۴۴)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاوی علمائے حدیث

جلد 09 ص 153

محدث فتویٰ